حرفِ تحسین

شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر محمد قیصر

کلیۂ معارفِ اسلامیہ کے زیرِ اہتمام شائع ہونے والا تحقیقی مجلّہ ''معارفِ اسلامیہ'' ایک عرصے سے اشاعت پذیر ہے، ابتک اس کے متعدد شمارے شائع ہو چکے ہیں۔ موجودہ شمارہ بھی اس سلسلے کی ایک کڑی ہے مگر اس شمارے اور گزشتہ شماروں کے مابین مجھے ایک واضح فرق نظر آتا ہے وہ یہ کہ گذشتہ شماروں میں شائع ہونے والے مقالات و مضامین انگریزی تلخیصات (Abstracts) کے بغیر شائع ہوتے تھے۔ جبکہ اس میں انگریزی تلخیصات کا التزام رکھا گیا ہے۔

واضح رہے کہ تحقیقات کی دنیا میں اس طرح کی تلخیصات کو لازمۂ تحقیق سمجھا جاتا ہے۔ مقالات و مضامین میں تحقیق کے دیگر لوازمات بھی موجود ہیں۔ بایں طور یہ شمارہ، گزشتہ شماروں کے مقابلے میں زیادہ بہتر اور نمایاں مقام کا حامل ہو گیا ہے۔

فیکلٹی آف اسلامک اسٹڈیز کے ڈین پروفیسر ڈاکٹر حافظ محمد شکیل اوج نے بحیثیت مدیرِ اعلیٰ، اپنی مجلس ادارت اور مجلس مساعدت کے ہمراہ، اس شمارے کی ترتیب و تشکیل میں جو محنت اور کوشش کی ہے اس پر بلاشبہ وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔

اُمید ہے آئندہ شماروں کے مضامین و مقالات اس سے بھی زیادہ معیاری اور بہترین ثابت ہوں گے اور دنیائے علم و تحقیق میں معتبر حوالہ بنیں گے اس عمدہ علمی و تحقیقی کاوش پر میں نہ صرف انہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں بلکہ بحیثیت شیخ الجامعہ اپنے بھرپور تعاون اور سرپرستی کا بھی یقین دلاتا ہوں۔ اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔

شیخ الجامعہ
جامعہ کراچی